نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے دھان کی منظور شدہ اقسام اور وقتِ کاشت بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور: 26 مئی 2024: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق دھان کے کاشتکار فی ایکڑ زیادہ پیداوار حاصل کرنے کیلئے دھان کی منظور شدہ موٹی اقسام کے ایس 282، نیاب اری 9، اری 6، کے ایس کے 133، کے ایس کے 434، نیاب 2013، نجی 5، نیاب ایس ٹی 9 نیاب آر سی 195 کی پنیری **7 جون** تک کاشت کریں جبکہ نجی جی ایس آر 6، نجی جی ایس آر 7، نجی جی ایس آر 8 اور ایس کے سی 32-5-370 کا وقت کاشت **10 تا آخر جون** ہے۔اس کے علاوہ باسمتی/فائن اقسام الخالد رائس کا وقت کاشت **25 مئی تا 10 جون** ہے۔سپر باسمتی، باسمتی 515، سپر گولڈ، سپر باسمتی 2019، پی کے 1121 ایرومیٹک، پی کے 2021 ایرومیٹک، نیاب سپر، این بی آر 2، نجی باسمتی 2020، چناب باسمتی، پنجاب باسمتی، نیاب باسمتی 2016، نور باسمتی، پی کے 386، پی کے 10029 (وائٹل سپر باسمتی)، پی کے 10436 (سونا سپر باسمتی) نیاب ایس 39، نیاب ایچ ٹی ٹی 18 اور گارڈ 101 کا وقت کاشت **7 جون تا 25 جون** ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ دھان کے کاشتکار شاہین باسمتی کی کاشت **15 تا 30 جون**، کسان باسمتی **10 تا 30 جون** جبکہ باسمتی ہائبرڈ اقسام کے ایس کے 111 ایچ کی کاشت **7 تا 25 جون** مکمل کریں۔دھان کے کاشتکار غیر منظور شدہ اور ممنوعہ اقسام ہرگز کاشت نہ کریں کیونکہ ان کے چاول کا معیار ناقص ہوتا ہے۔ان اقسام کی ملاوٹ کی وجہ سے عالمی منڈی میں چاول کی کم قیمت وصول ہوتی ہے

☆☆☆☆